سوال

(58) اگر زمیندار کاشتکاری کےلیے کچھ مزدوروں کو زمین پر لگا دے، توکیا ان کی مزدوری عشر سے وضع کرسکتا ہے۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر زمیندار کاشتکاری کےلیے کچھ مزدوروں کو زمین پر لگا دے، توکیا ان کی مزدوری عشر سے وضع کرسکتا ہے، اسی طرح اخراجات وغیرہ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

مزدور دو طرح کے ہیں، ایک وہ جو کھیتی کےلیے لازمی ہیں، جیسے لوہار، ترکھان وغیرہ ان کے بغیر تو کھیتی کا کام تو ہو ہی نہیں سکتا۔ کیونکہ اکثر ہل جواء بنانے اور ان کو درست کرنے کی ضرورت رہتی ہے، ان کو اجرت کو ایسا ہی سمجھنا چاہے، جیسے ہل جواء وغیرہ اجرت دے کر جائے یا جیسے بیل وغیرہ خرید لے، یہ اشیاء چونکہ کھیتی میں داخل ہیں، اس لیے عشر دینے کے وقت اجرت نہ کاٹی جائے، ان کے علاوہ مزدوروں کی اجرت کاٹی جا سکتی ہے، دیگر اخراجات بھی جو کھیتی کو لازم نہ کاٹیں۔ باقی کاٹ سکتے ہیں۔ (تنظیم اہل حدیث جلد نمبر ۱۸ شمارہ نمبر ۲)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث](#)

جلد 7 ص 143

محدث فتویٰ